نسلی یکسانیت کے فروغ پر قانونی امداد کے
محکمہ کی جانب سے موجودہ اور آئندہ کے
لائحہ عمل کے اقدامات

ہانگ کانگ میں نسل اور جائے سکونت سے قطع نظر ہر بندے کو قانونی مدد کا استحقاق حاصل ہے بشرطیکہ وہ ذرائع آمدن اور قابلیت / اہلیت کی جانچ کو پورا کرتا ہو/کرتی ہو

(ایل اے ڈی) قانونی امداد کے محکمہ نے امدادی افراد/ درخواست گزاروں کی معاونت کے لیے جو مختلف نسلوں سے ہیں، ان کو قانونی امداد کی خدمات فراہم کرنے کے مندرجہ ذیل اقدامات اٹھائے ہیں / اٹھانے کا ارادہ کیا ہے۔

اے۔ قانونی امداد کی خدمات پر کتابچے

موجودہ اقدامات۔

- ایل اے ڈی (لیڈ) نے قانونی مدد کے اوپر دس زبانوں بشمول بنگالی، ہندی، انڈونیشیا ، نیپالی، ٹیگالوگ۔، پنجابی، تامل، تھائی، اردو اور ویت نامی میں کتابچوں کے مجموعے شائع کیے ہیں۔
- یہ کتابچے دوسرے کتابچوں کے ساتھ لیڈ کے دفاتر میں دستیاب ہیں، یا وہ ایل اے ڈی (لیڈ) کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔
- وہ متعلقہ قونصل خانوں کے دفاتر، بنا نمائندگی قانونی چارہ جوئی کرنے والوں کے لیے عدلیہ وسائل مرکز، سول طریقہ کار (ضابطہ کار کی مشاورتی سکیم) پر بنا نمائندگی قانونی چارہ جوئی کے لیے قانونی مشاورتی سکیم کے دفتر، تھانوں، محکمہ داخلی امور کے عوامی معلومات کی خدمات کے مراکز، شعبہ مزدوراں (لیبر ڈیپارٹمنٹ) کے احاطہ میں، تصحیحاتی خدمات کے ادارے میں، سماجی فلاح و بہبود کے محکمہ میں بھی دستیاب ہیں۔
- مختلف نسلوں سے تعلق رکھنے والے ممکنہ درخواست دہندگان کے لیے قانونی امداد کی خدمات کو بڑھانے کے لیے کسٹمر سروس اقدام کے طور پر مذکورہ بالا دس زبانوں میں ایک پوسٹر ڈیزائین کیا گیا ہے اور آویزاں کر دیا گیا ہے، تا کہ ممکنہ درخواست دہندگان جو انگریزی یا چائنیز نہیں بول سکتے، ان کو ان کی درخواست کے عمل میں مدد کے لیے ترجمانی کی خدمات کی مفت دستیابی کے بارے میں با خبر کیا جا سکے۔
- مختلف نسلوں کے لوگ پوسٹر کا حوالہ لے سکتے ہیں یا معلومات کے لیے ایل اے ڈی کی ویب سائٹ سے خدمات کے بارے میں کتابچے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

مستقبل کے کام کا تعین

- قانونی مدد کی خدمات کو فروغ دینے کے لیے تشہیری پروگراموں کی کارآمدیت پر آراء کی نظر ثانی بہتری کے لیے تسلسل کے ساتھ کی جائے گی۔
- دوسری نسلوں کے لوگوں کی دوسری آراء اور تجاویز کو لیڈ کی خدمات پر اکٹھا کیا جائے گا اور خدمات کی مسلسل بہتری کے لیے زیر غور لایا جائے گا۔

بی۔ قانونی مدد کی درخواست کے لیے ترجمانی کی خدمت

موجودہ اقدامات

- قانونی مدد دستیاب ہے ہر اس بندے کے لیے اس کی نسل یا جائے سکونت سے قطع نظر جو ذرائع اور اہلیت کے ٹیسٹ کو پاس کرتا/ کرتی ہے۔
- لیڈ ان درخواست دہندگان کو ان کی درخواست کے عمل میں مدد کے لیے مفت ترجمانی کی خدمت کا انتظام کرے گا جو انگریزی یا چائنیز نہیں بول سکتے۔
- ایسے درخواست دہندگان جو ذرائع آمدن اور/ یا اہلیت کا ٹیسٹ پاس کرنے میں ناکام ہو جاتے ہیں ان کے پاس ہائی کورٹ کے رجسٹرار کو اپیل کرنے کا حق حاصل ہے۔ لیڈ ایل اے ڈی درخواست گزاران/ اپیل دہندگان کی اپیل کے نوٹس کو درج کرانے میں، اپیل کی تاریخ طے کرنے میں، اور اپیل کی شنوائی پر مفت ترجمانی کی خدمت کا عدلیہ کو نوٹس دینے میں درخواست دہندگان/ اپیل کنندگان کی معاونت کرے گا جو انگریزی یا چائنیز نہیں بول سکتے۔

- درخواست کے عمل میں معاونت کے لیے مفت ترجمانی کی خدمت کی دستیابی کا ایک پوسٹر مذکورہ بالا دس ۱۰ زبانوں میں ڈیزائن کر دیا گیا اور آویزاں کر دیا گیا ہے ان درخواست دہندگان کو چوکس کرنے کے لیے جو انگریزی یا چائنیز نہیں بول سکتے۔

- ایک فوری ترجمانی کا پروگرام جو کہ مذکورہ بالا دس زبانوں پر مبنی ہے اس کو فرنٹ لائن عملہ کے ورک اسٹیشن میں ڈال دیا گیا ہے تا کہ وہ مختلف نسلوں کے لوگوں سے براہ راست بات چیت کرنے کے قابل ہو سکیں۔

مستقبل کے کام کا تعین

- قانونی امداد کے درخواست دہندگان سے آراء کو اکٹھا کیا جائے گا خدمات میں مسلسل بہتری لانے کے لیے زیر غور لایا جائے گا۔

- فرنٹ لائن عملہ کے کمپیوٹر (ورک اسٹیشن) میں مختلف نسلوں کے درخواست دہندگان سے براہ راست بات چیت کرنے کے لیے مذکورہ بالا دس زبانوں میں سے آٹھ زبانوں میں فوری ترجمہ کرنے کا پروگرام نصب کر دیا گیا ہے، بقیہ دو زبانوں کا نصب کر دیا جائے گا۔

سی۔ قانونی امداد والی کارروائیوں میں ترجمانی کی خدمت

موجودہ اقدامات

- جب عدالتی کاروائی میں مقدمہ چلانے یا دفاع کرنے کے لیے مختلف نسلوں کے لوگوں کو قانونی امداد فراہم کی جاتی ہے تو لیڈ (ایل اے ڈی) تاویل اور ترجمانی کے قانونی چارہ جوئی کے اخراجات کی ادائیگی پہلے ہی کر دے گا جو صحیح مقدمہ کی کاروائی کے لیے مقرر کردہ وکلاء کی جانب سے اٹھائے جائیں گے۔

مستقبل کے کام کا تعین

- امداد شدہ مختلف نسلوں کے لوگوں سے آراء کو اکٹھا کیا جائے گا اور خدمات کی بہتری کے لیے تسلسل کے ساتھ زیر غور لایا جائے گا۔

ڈی۔ لیڈ (ایل اے ڈی) کے عملہ کی ٹریننگ

موجودہ اقدامات

- لیڈ کے عملہ کی نسلی تعصب کے قانون (آر ڈی او) کی سمجھ اور آگاہی کو بڑھانے کے لیے اورنسلی (ہدایات) کے فروغ پر انتظامی ہدایات، آر ڈی او کے اصولوں اور ہدایات پر بات چیت اور مقدمات کی بانٹ کا انتظام اور تقسیم یکساں مواقعوں کے کمشن نے کی تھی۔ بات چیت میں لیڈ کے عملہ بشمول پیشہ ورانہ افسران، قانونی کلرک حضرات اور فرنٹ لائن عملہ محرران نے شمولیت اختیار کی تھی۔

- ٹریننگ کے مواد کو عملہ کے حوالہ کے لیے لیڈ کے پورٹل پر آپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔

مستقبل کے کام کا تعین۔

- لیڈ (ایل اے ڈی) عملہ کے ممبران، خاص طور پر آگے کام کرنے والے عملہ کے ممبران کے لیے ان کی آر ڈی او اور ہدایات کو سمجھنے میں بہتری لانے اور ان کی ثقافتی و لسانی صلاحیت کو بہتر بنانے کے لیے ٹریننگ کورسز کا انتظام کرے گا۔

- ایل اے ڈی آراء اور تجاویز کو اکٹھا کرے گا جو درخواست دہندگان/ امداد شدہ افراد کی جانب سے دی گئی ہوں، تاکہ عملہ کی مناسب ٹریننگ کا انتظام کیا جا سکے۔

- ایل اے ڈی آراء کو اکٹھا کرے گا اور عملہ کو بھی تجاویز کی دعوت دے گا ٹریننگ کے پروگراموں کی پیشکش کے لیے تا کہ آر ڈی او اور اصولوں کی سمجھ کو بڑھایا بہتر کیا جا سکے۔

ای۔ عوامی پوچھ گچھ/ شکایات

ایل اے ڈی نے اس کی خدمات کے بارے میں پوچھ گچھ اور شکایات سے نمٹنے کے لیے اچھی طرح سے قائم شدہ سسٹم بنا رکھا ہے۔ کوئی بھی بندہ بشمول قانونی مدد کا درخواست گزار، امداد لینے والے افراد، یا مقرر کردہ وکلا، جو پوچھ گچھ کرنا چاہتے یا شکایت درج کرانا چاہتے ہیں، وہ محکمہ کے کسٹمر سروس افسران سے رابطہ کر سکتے ہیں، جن کے نام اور ٹیلی فون نمبر محکمہ کے دفتر کے احاطہ میں اور محکمے کی ویب سائٹ پر آویزاں ہیں۔ مزید یہ کہ، پوچھ گچھ کرنے والے/ شکایت گزاران محکمہ سے یا محکمانہ شکایات کے افسران سے فون/ ڈاک/ فیکس/ ای میل کے ذریعے مندرجہ ذیل طور سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

بذریعہ ڈاک: توجہ: مس ایمی یک
محکمانہ شکایات آفیسر
محکمہ قانونی امداد
۲۷ فلور، کونیز وے حکومتی دفاتر، ٦٦ کونیز وے ہانگ کانگ۔

بذریعہ ٹیلی فون: (852) 28673171

بذریعہ فیکس: (852) 28690525

بذریعہ ای میل: ladinfo@lad.gov.hk

مختلف نسلوں کے لوگ جو انگریزی یا چائنیز نہیں بول سکتے وہ محکمانہ شکایات کے افسر سے ان کی پوچھ گچھ یا شکایت درج کرانے کے لیے مفت ترجمانی کی خدمات پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

محکمہ نے " کسٹمر سروس سٹینڈرڈ" ایک کتابچہ بھی شائع کر دیا ہے جس میں قانونی امداد کی خدمات کے استعمال کرنے والوں کو متعدد ذرائع اور طریقہ کار کے بارے مطلع کیا گیا ہے خدمات دینے کے حوالے سے پوچھ گچھ کرنے/ شکایت درج کرانے کے لیے۔ کتابچہ عوام میں تقسیم کرنے کے لیے دستیاب ہے اور محکمہ کی ویب سائٹ پر آپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔

نسلی یکسانیت کے فروغ پر موجودہ اور مستقبل میں کیے جانے والے اقدامات پر پوچھ گچھ کے لیے برائے مہربانی محکمانہ شکایات کے افسر سے رابطہ کریں۔

محکمہ قانونی امداد
جون 2025